BPSC URDU CLASSES

AR Digital

# 14 بی پی ایس سی اردو کلاس

## اردو قواعد 100+75

### مذکر و مؤنث (اقسام تذکیر و تانیث)

تذکیر و تانیث حقیقی تذکیر و تانیث غیر حقیقی

FREE PDF

BPSC

LIVE CLASS

बिहार 7th Phase

## جنس (تذکیر و تانیث)

اسم کی جنس کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں۔

(۱) مذکر (۲) مؤنث

(۱) مذکر: نر اسم ہوتا ہے جیسے مرد، باپ، بیل، بیٹا وغیرہ

(۲) مؤنث: مادہ اسم ہوتا ہے جیسے عورت، ماں، گائے، بیٹی وغیرہ

بے جان اسماء میں نر اور مادہ کا کوئی فرق نہیں ہوتا اس لیے ان کی تذکیر و تانیث کا تمام تر دار و مدار اہل زبان پر ہوتا ہے جیسے قلم کو اہل زبان مذکر بولتے ہیں اور گیند کو مونث اسی لیے ایسے اسماء کی تذکیر و تانیث کو غیر حقیقی تذکیر و تانیث کہا جاتا ہے۔

جبکہ حقیقی تذکیر و تانیث وہ ہوتی ہے جس میں نر کے مقابلے میں مادہ اور مادہ کے مقابلے میں نر ہو جانداروں میں کیونکہ قدرتی طور پر نر اور مادہ کا فرق موجود ہوتا ہے اس لیے اس لیے ان کی تذکیر و تانیث حقیقی ہوتی ہے جیسے مرد، عورت۔ بیل، گائے وغیرہ

### اقسام تذکیر و تانیث

(۱) تذکیر و تانیث حقیقی (۲) تذکیر و تانیث غیر حقیقی

(۱) تذکیر و تانیث حقیقی : وہ اسم ہے جس جاندار نر کے مقابلے میں اس کی مادہ اور مادہ کے مقابلے میں اس کا نر ہو۔ جیسے مرد، عورت۔ گھوڑا، گھوڑی۔ مرغا، مرغی۔ گائے، بیل وغیرہ

۲) تذکیروتانیث غیرحقیقی : وہ ہے جو اسم بے جان ہوں ان کی تذکیروتانیث کو غیر حقیقی کہا جاتا ہے۔

جیسے گھنٹہ، گھنٹی۔ جوتا، جوتی وغیرہ

## مذکر کا مفہوم

مُذکّر (Male) ایک اصطلاح ہے جو نر جنس (مادہ کی ضد) کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہر وہ چیز جو مردانہ جنس کی حامل ہو، مُذکّر کہلاتی ہے۔

قواعد میں مُذکّر اُس لفظ (فاعل، مفعول یا فعل) کو کہا جاتا ہے جس کا استعمال بصورتِ تذکیر ہو یا جس میں تذکیر کا صیغہ استعمال ہو۔ مثلاً ''کام'' یعنی نر اسماء کو مذکر کہا جاتا ہے۔

مذکر کی مثالیں : باپ، ابا، بیل، بیٹا وغیرہ

## مونث کا مفہوم

مُؤنّث، عربی زبان کا لفظ ہے جو مادہ جنس (نر کی ضد) کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہر وہ چیز جو مادہ جنس کی حامل ہو مؤنث کہلاتی ہے۔

قواعد میں میں مُؤنّث اُس لفظ (فاعل، مفعول یا فعل) کو کہا جاتا ہے جس کا استعمال بصورتِ تانیث ہو یا جس میں تانیث یا مادہ جنس کا صیغہ استعمال ہو۔ مثلاً لفظ ''محنت'' یعنی مادہ اسماء کو مونث کہا جاتا ہے۔

ماں، اماں، گائے، بیٹی، وغیرہ

## اسم مشترک

اسم مشترک اس اسم کو کہتے ہیں جو مذکر اور مونث دونوں کے لیے بولا جاتا ہے جیسے یتیم، مسافر، کھلاڑی، بچہ، ساتھی، مہمان، صدر، وزیر اعظم، وزیر، دوست، دشمن وغیرہ

## تذکیروتانیث

## مذکر اور مونث کے بنیادی اصول

تمام دنوں اور مہینوں کے نام مذکر ہیں لیکن جمعرات مونث ہے۔

تمام آوازیں مونث ہیں جیسے سائیں، سائیں، کائیں، کائیں اور مَیں، مَیں وغیرہ۔

زبانوں کے نام ہمیشہ مونث بولے جاتے ہیں جیسے اردو، عربی، فارسی، انگریزی، ہندی، فرانسیسی، پنجابی وغیرہ۔

تمام نمازوں کے نام مونث ہیں جیسے فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء، نماز جنازہ اور نماز قضا وغیرہ۔

دھاتوں اور جواہرات کے نام مذکر ہیں جیسے سونا، لوہا، تانبا، پیتل اور ہیرا لیکن چاندی اور قلعی مونث ہیں۔

تمام سیاروں کے نام مذکر ہیں جیسے مریخ، عطارد، زحل اور مشتری لیکن زمین مونث ہے۔

تمام پہاڑوں، سمندروں اور دریاؤں کے نام مذکر لیکن گنگا اور جمنا مونث ہیں۔

تمام ملکوں، شہروں اور براعظموں کے نام مذکر ہیں جیسے ہندوستان، پاکستان اور ایشیا البتہ دلی کو مونث بولا جاتا ہے لیکن دہلی کو مذکر ہی بولتے ہیں۔

## مذکر و مؤنث کی مثالیں

| مذکر | مؤنث | مذکر | مؤنث | مذکر | مؤنث |
|---|---|---|---|---|---|
| ابا | اماں | باپ | ماں | بادشاہ | ملکہ |
| بندہ | باندی، کنیز | بھائی | بھاوج | خاوند | جورو |
| تایا | تائی | ماموں | ممانی | مرد | عورت |
| میاں | بیوی | نواب | بیگم | چچا | چچی |

## اگر مذکر کے آخر میں "ا" یا "ہ" ہو تو اسے "ی" میں بدل دیتے ہیں۔

| مذکر | مؤنث | مذکر | مؤنث | مذکر | مؤنث |
|---|---|---|---|---|---|
| بچہ | بچی | بیٹا | بیٹی | بھانجا | بھانجی |
| بھتیجا | بھتیجی | پوتا | پوتی | پھوپھا | پھوپھی |
| صاحبزادہ | صاحبزادی | شہزادہ | شہزادی | کنوارا | کنواری |

## مذکر کے آخر میں "ا" یا "ی" آئے تو اس کو "ن" سے بدل دیتے ہیں اور بعض دفعہ "ن" بڑھا دینے سے مونث بن جاتی ہے۔

| مذکر | مؤنث | مذکر | مؤنث | مذکر | مؤنث |
|---|---|---|---|---|---|
| بڑھئی | بڑھائن | بنگالی | بنگالن | بھکاری | بھکارن |
| پڑوسی | پڑوسن | پجاری | پجارن | دولہا | دولہن |
| سمدھی | سمدھن | یہودی | یہودن | لوہار | لوہارن |

مذکر کا آخری حرف حذف کر کے یا حذف کیے بغیر "نی" یا "انی" لگا دیتے ہیں۔

| مذکر | مؤنث | مذکر | مؤنث | مذکر | مؤنث |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| استاد | استانی | پنڈت | پنڈتانی | جادوگر | جادوگرنی |
| جیٹھ | جیٹھانی | دیور | دیورانی | راجا | رانی |
| شیخ | شیخانی | فقیر | فقیرنی | نوکر | نوکرانی |

ہمارے چینل پر آنے کا شکریہ
اے آر ڈیجیٹل کو ضرور سبسکرائب کر لیں